تبصرے

تفسیر سورۂ عبس۔ تالیف مولانا حمید الدین صاحب فراہی رحمۃ اللہ علیہ۔ ترجمہ مولانا امین احسن صاحب اصلاحی۔ تقطیع خورد، ضخامت ۷۵ صفحات۔ کاغذ اور کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت ۶؍ پتہ: مکتبہ حمیدیہ سرائے میر ضلع اعظم گڈھ۔

ادارہ حمیدیہ کی طرف سے مولانا حمید الدین صاحب فراہی کے تفسیری اجزا کو اردو ترجمہ کے ساتھ شائع کرنے کا جو اہتمام ہو رہا ہے۔ قارئین برہان کئی مرتبہ اُس کا تذکرہ پڑھ چکے ہیں۔ اب ادارہ نے سورۂ عبس کی تفسیر شائع کی ہے۔ اس میں بھی مولانا مرحوم کی تفسیری خصوصیات پورے طور پر نمایاں ہیں۔ سورۃ اگرچہ مختصر ہے، لیکن اس اعتبار سے اُس کو بڑی اہمیت حاصل ہے کہ اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کا ایک ایسا واقعہ بیان کیا گیا ہے جو بادی النظر میں اخلاق وشمائل نبوی کے مطابق معلوم نہیں ہوتا۔ پھر بعض مفسرین نے ضعیف روایتوں کی مدد سے جو تفسیر کی ہے۔ اُس سے تشفی کے بجائے اور خلجان واضطراب پیدا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ بیش از بیش جزائے خیر دے مولانا مرحوم کو کہ انہوں نے خداداد سلیقہ فہم قرآن سے کام لے کر اس سورت کی تفسیر اس طرح کی ہے کہ عقلی، نقلی، اور لغوی غرض کسی حیثیت سے کوئی اشکال باقی نہیں رہتا۔ مطالب سورۃ کی تفسیر کے ضمن میں انبیاء کے خلق عظیم، ان کی عصمت، اور ان کے مواقع عتاب پر مختصر مگر مفید تر بحث آگئی ہے۔ اس کے علاوہ سورۃ کی آیات کا سیاق وسباق سے ربط، شانِ نزول، اصل واقعہ کی تحقیق، غلط فہمیوں کا ازالہ، الفاظ کی تحقیق، جملوں کی تاویل، پھر مطالب قرآن کی تفسیر خود قرآن مجید سے۔ غرض یہ سب چیزیں بھی موجود ہیں۔ ترجمہ اتنا صاف اور سلیس ہے